# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،بہاولپور

بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے انٹر کالجیٹ بوائز ٹورنامنٹ 20-2019 کا شیڈول اور مقام

## شیڈول بوائز ٹورنامنٹ 20-2019

| نمبر شمار | نام گیم | تاریخ | وینیو | برائے رابطہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سوئمنگ | 07-10-2019 | صادق پبلک سکول بہاولپور | اسرار احمد،0304-7708088 |
| 2 | ہاکی | 15-10-2019 | گورنمنٹ ڈگری کالج لیاقت پور | محمد شمشاد،03002643352 |
| 3 | ویٹ لفٹنگ | 21-10-2019 | پنجاب کالج بہاولپور | سخی عبداللہ،0300-7274968 |
| 4 | باڈی بلڈنگ | 21-10-2019 | پنجاب کالج بہاولپور | سخی عبداللہ،0300-7274968 |
| 5 | ریسلنگ | 23-10-2019 | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور | اسد علی،0300-6840991 |
| 6 | تیکوانڈو | 24-10-2019 | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور | اسد علی،0300-6840991 |
| 7 | جمناسٹک | 25-10-2019 | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور | اسد علی،0300-6840991 |
| 8 | فٹ بال | 28-10-2019 | گورنمنٹ خواجہ فرید پوسٹ گریجوایٹ کالج رحیم یار خان | محمد عاصم،0300-8771021 |
| 9 | سکواش | 05-11-2019 | صادق پبلک سکول بہاولپور | اسرار احمد،0304-7708088 |
| 10 | والی بال | 07-11-2019 | گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج بہاولپور | محمد نعمان،0300-9681434 |
| 11 | ہینڈ بال | 12-11-2019 | گورنمنٹ ڈگری کالج بہاولنگر | ریاض احمد،03117993790 |
| 12 | کبڈی | 19-11-2019 | گورنمنٹ ڈگری کالج یزمان | مزمل وڑائچ،0345-8747840 |
| 13 | ماس ریسلنگ | 23-11-2019 | پنجاب کالج بہاولپور | سخی عبداللہ،0300-7274968 |
| 14 | ٹیبل ٹینس | 26-11-2019 | گورنمنٹ ایس۔ای کالج بہاولپور | جنید الرحمٰن،03016820434 |
| 15 | کراس کنٹری | 03-12-2019 | گورنمنٹ ایس۔ای کالج بہاولپور | جنید الرحمٰن،03016820434 |
| 16 | باسکٹ بال | 05-12-2019 | گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج بہاولپور | محمد نعمان،0300-9681434 |
| 17 | بیڈمنٹن | 09-12-2019 | گورنمنٹ ایس۔ای کالج بہاولپور | جنید الرحمٰن 03016820434 |
| 18 | چک بال | 07-01-2020 | گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج بہاولپور | محمد نعمان،0300-9681434 |
| 19 | سائیکلنگ | 10-01-2020 | گورنمنٹ ایس۔ای کالج بہاولپور | جنید الرحمٰن,03016820434 |
| 20 | کرکٹ | 18-01-2020 | صادق پبلک سکول بہاولپور (انٹر ڈسٹرکٹ لیول فائنل راؤنڈ) | اسرار احمد،0304-7708088 |
| 21 | لان ٹینس | 18-01-2020 | صادق پبلک سکول بہاولپور | اسرار احمد،0304-7708088 |
| 22 | اتھلیٹکس | 27-01-2020 | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور | اسد علی،0300-6840991 |

**نوٹ:۔** کرکٹ کے علاوہ تمام گیمز کے ڈراز موقع پر متعلقہ کالج جہاں ٹورنامنٹ منعقد ہوگا۔ٹورنامنٹ سے ایک روز قبل نکالے جائیں گے۔ضلع رحیم یار خان کے کرکٹ میچز گورنمنٹ خواجہ فرید پوسٹ گریجوایٹ کالج رحیم یار خان میں،ضلع بہاولنگر کے کرکٹ میچز گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج بہاولنگر اور ضلع بہاولپور کے کرکٹ میچز صادق پبلک سکول میں مورخہ 14-01-2020 کو ہوں گے۔کرکٹ کے مقابلہ جات کے لئے ہر ضلع سے صرف ونر اور رنر ٹیمیں بہاولپور آئیں گی جن کے درمیان میچز ہوں گے۔

طاہر محمود چیمہ

ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن

0333-6392708/062-9255090

Result.pk

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن،بہاولپور

جناب پرنسپل :-

**عنوان: ضوابط / شیڈول انٹر کالجیٹ گرلز ٹورنامنٹ 2019-20**

بورڈ ہذا کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے انٹر کالجیٹ **گرلز** ٹورنامنٹ برائے سال 2019-20 کا شیڈول مرتب کر کے آپ کو ارسال کیا جا رہا ہے اس شیڈول کے مطابق اپنے ادارہ کی ٹیمیں بھجوا کر مشکور فرمائیں۔ ٹورنامنٹ میں شمولیت کے لئے قواعد وضوابط درج ذیل ہیں۔

1۔ انٹری فیس مورخہ **05-11-19** تک مبلغ **1000/** روپے **UBL** کی شاخ میں جمع کروا کر اصل چالان ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن بورڈ ہذا کو ارسال کریں یہ انٹری فیس تمام گیمز کے لئے ہے تاہم لازم ہے کہ ہر کالج ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والی ٹیموں سے متعلق بورڈ کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ شدہ کمپیوٹرائزڈ گیم وائز لسٹس و سپورٹس کارڈ دیگا کہ وہ کون کون سی گیمز میں شرکت کریں گے تا کہ ٹیموں کی شرکت کا پتہ چل سکے اور انتظامات تسلی بخش ہو سکیں۔

2۔ ٹورنامنٹ میں صرف اس ادارہ کی ٹیم حصہ لے سکے گی۔ جس نے انٹری فیس بورڈ ہذا میں جمع کرائی ہوگی۔

3۔ **بورڈ کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ شدہ کمپیوٹرائزڈ لسٹ کھلاڑیان اور سپورٹس کارڈ** ہر لحاظ سے **مکمل** ہوں گے۔ نیز سپورٹس کارڈ میں فرسٹ ایئر کی رجسٹریشن نمبر کا اندراج بھی کرنا ہوگا۔ اس کے علاوہ فرسٹ ایئر کے کھلاڑیوں کے میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی اور رجسٹریشن ریٹرن کی کاپی فراہم کرنا ہوگی۔ ریٹرن کے بغیر ٹیم شامل ٹورنامنٹ نہ ہوگی۔ اگر بورڈ سے رجسٹریشن ریٹرن موصول نہ ہوئی ہو تو پرنسپل کی تصدیق شدہ کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔ جبکہ سیکنڈ ایئر کے کھلاڑیوں کے میٹرک اور فرسٹ ایئر کے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی لگانا ہوگی۔

4۔ جس گیم میں شرکت کرنا مقصود ہو اس کے لئے **بورڈ کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ شدہ کمپیوٹرائزڈ لسٹ کھلاڑیان اور سپورٹس کارڈ** الگ الگ دینا ہونگے۔

5۔ ٹورنامنٹ میں شامل ہونے والی ٹیمیں اور منیجر / کوچ اپنی ٹیم کے ہمراہ میچز شروع ہونے سے ایک روز قبل پہنچ جائیں تا کہ شام کو منیجرز کی میٹنگ میں ڈراز ڈالے جاسکیں۔

6۔ **اتھلیٹکس** میں شرکت کرنے والے کھلاڑیوں کے لئے ایونٹ کے حساب سے اندراج لسٹ کھلاڑیاں دینا ضروری ہے۔

7۔ **کسی بھی ایونٹ میں تین سے کم ٹیمیں ہونیکی صورت میں ایونٹ منعقد نہیں ہوگا۔**

8۔ انٹر بورڈ سپورٹس کمیٹی کے فیصلہ کے مطابق کھلاڑی کی عمر **30-06-19** تک بیس سال ہونی چاہیے۔

9۔ **2018 میں میٹرک پاس کرنے والی طالبات ٹورنامنٹ کھیلنے کی اہل ہوں گی۔**

10۔ پروٹیسٹ فیس مبلغ **=/1000** روپے ناقابل واپسی ہوگی۔ جو پروٹیسٹ میچ ختم ہونے کے ایک گھنٹہ کے اندر اندر تحریری طور پر متعلقہ گیم کے کنوینر کو جمع کرانا ہوگا اور پروٹیسٹ کنندہ **24** گھنٹے کے اندر اندر ٹیم کے خلاف ثبوت دینے کا پابند ہوگا۔ پروٹیسٹ جامع اور نامزد کھلاڑی کے خلاف ہوگا۔ پروٹیسٹ کمیٹی کے فیصلہ کے خلاف مبلغ **=1500** روپے فیس کے ساتھ فیصلہ ہونے کے بارہ گھنٹے کے اندر چیئرمین ایجوکیشن بورڈ کو اپیل کی جاسکتی ہے۔ فیصلہ خلاف ہونیکی صورت میں پروٹیسٹ فیس بورڈ کے کھاتے میں جمع کرائی جائیگی۔ چیئرمین اور کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ اس کے خلاف کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جائیگا۔

11۔ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے دو روز قبل سربراہ ادارہ اپنی ٹیم کے بارے میں متعلقہ ادارہ کے پرنسپل کو جہاں ٹورنامنٹ منعقد ہو رہا ہے بذریعہ ٹیلی فون اپنے ادارہ کی ٹیم کی شمولیت کے بارے میں اطلاع کرے گا۔ ڈراز نکالنے کے بعد اگر کوئی ٹیم ٹورنامنٹ میں شمولیت کیلئے پہنچی تو اسے ٹورنامنٹ میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

12۔ بوگس کھلاڑی / غلط ریکارڈ والے کھلاڑی کی نہ صرف ٹیم کو Disqualify کیا جائے گا بلکہ اُس ادارے کے خلاف تادیبی کاروائی کی بھی سفارش کی جائے گی۔

## گرلز ٹورنامنٹ شیڈول

انٹر کالجیٹ گرلز ٹورنامنٹ **2019-20** مورخہ **10-12-19** تا **13-12-19** **تک** منعقد ہوگا۔ تمام ٹیمیں ایک روز قبل مورخہ **09-12-19** کو بوقت **3 بجے** تک دیئے گئے مقام پر پہنچ جائیں۔ منیجر / کوچ کی میٹنگ مورخہ **09-12-19** بوقت **4 بجے** بورڈ کیمپس میں منعقد ہوگی۔ جس میں ٹیموں کے ڈراز نکالے جائیں گے۔ ڈراز سے قبل تمام منیجر / کوچ مکمل کمپیوٹرائزڈ لسٹیں اور سپورٹس کارڈ و دیگر کوائف گیم وائز ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن کو جمع کرائیں گے۔ **برائے رابطہ اسد علی 0300-6840991**

**رہائش گرلز:۔ تمام گرلز ٹیموں کی رہائش بورڈ آفس بہاولپور میں ہوگی۔**

**گیمز گرلز:۔** بیڈمنٹن، باسکٹ بال، والی بال، ہینڈ بال، نیٹ بال، کرکٹ، ہاکی، ٹیبل ٹینس، ماس ریسلنگ، چک بال

**ایتھلیٹکس:** 100 میٹر، 200 میٹر، 400 میٹر، 100 X 4 میٹر (ریلے ریس) ڈسکس تھرو، شارٹ پٹ، جیولن تھرو، ہائی جمپ، لانگ جمپ

**نوٹ:-** اپنے ادارہ کے انچارج سپورٹس کا فون نمبر بھی مہیا فرمائیں تا کہ بوقت ضرورت رابطہ کیا جاسکے۔ ای میل ایڈریس Bisebwpsports@gmail.com

طاہر محمود چیمہ
ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن
0629255090
03336392708

Result.pk